اطلاع برائے سترھواں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹسِ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سامبا بینک لمیٹڈ (''بینک'') کا سترھواں سالانہ اجلاسِ عام بمقام ہوٹل سرینا، اسلام آباد بروز جمعہ، مورخہ 27 مارچ 2020 ، شام 04:00 بجے، درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی اُمور:

1۔ 27 مارچ 2019 کو منعقد ہونے والے سولھویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی توثیق کرنا

2۔ 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو وصول کر کے زیرِ غور لانا اور پھر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

3۔ آئندہ سالانہ اجلاسِ عام تک آڈیٹرز کا تقرر اور انکے معاوضے کا تعین کرنا۔ فارغ ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بناء پر دوبارہ تقرری کی درخواست دی ہے۔

دیگر اُمور:

چیئرمین کی منظوری سے بینک کے دیگر کسی بھی اُمور کی انجام دہی۔

6 مارچ 2020

کراچی

حسب الحکم بورڈ

ضیاء الحسنین شمسی

کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

1۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر کی کتب مورخہ 21 مارچ 2020 سے 27 مارچ 2020 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی کو 20 مارچ 2020 کاروباری اوقات کے اختتام سے قبل ملنے والے شیئر ٹرانسفرز سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہوں گے۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 152 کے تحت 27 مارچ 2019 کو منعقد ہونے والے کمیٹی کے سولھویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی نقول ممبران کے معائنے کے لئے دستیاب ہیں۔

3۔ ممبرز اپنا پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں فوراً بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F- 8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی کو آگاہ کریں۔

4۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی ممبر شرکت اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ کسی اور ممبر کو بطور پراکسی نامزد کر سکتا ہے اور کارپوریشن بطور ممبر کسی کو بھی اپنا پراکسی مقرر کر سکتی ہے خواہ وہ اس کا ممبر ہو یا نہ ہو لیکن اسے کارپوریشن نے باقاعدہ مجاز کیا ہو۔ پراکسیز بینک کے رجسٹرڈ آفس پر سالانہ اجلاسِ عام سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہئیں۔

A سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی شرائط:

i) فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے تحت اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا لازمی ہے۔

ii) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کیلئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 01 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں مذکورہ گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا۔

iii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع دستخط نامزد کے اجلاس میں شرکت کیلئے بینک کو پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا ہوگا۔ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

B پراکسیز کی تقرری کی شرائط:

i) فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے تحت اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، وہ اپنا پراکسی فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کروائیں گے۔

ii) پراکسیز فارم کی تصدیق دو گواہوں سے کرائیں جن کے دستخط، نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں۔

iii) بینیفشل اونرز اور پراکسیز کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا لازم ہے۔

iv) پراکسی ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کیلئے اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ دکھانا لازمی ہے۔

سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی بذریعہ ای میل/DVD/USB/CD یا کسی دوسرے میڈیا سے فراہمی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن SRO #787(1)/2014 بتاریخ 08 ستمبر 2014 اور SRO # 470(1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے حکم کی رو سے کمپنیوں کو اپنے ممبران کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع، نقصان اکاؤنٹس، کمپری ہینسو انکم اسٹیٹمنٹ، کیش فلو اسٹیٹمنٹ، فنانشل نوٹس، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی اسٹیٹمنٹس) کی بذریعہ ای میل/ سی ڈی/ یو ایس بی/ ڈی وی ڈی یا کسی دوسرے میڈیا سے ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ترسیل کی اجازت دی ہے۔

ایسے شیئر ہولڈرز جو فنانشل اسٹیٹمنٹس کی پرنٹ شدہ نقل حاصل کرنا چاہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.samba.com.pk پر دستیاب درخواست فارم بھر کے ہمیں کمپنی کے پتے پر ارسال کریں۔

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فراہمی (لازمی)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے حکم کے تحت ڈیویڈنڈ وارنٹ پر شیئر ہولڈرز کے مؤثر CNIC/SNIC نمبر ہونا لازمی ہیں۔ اس لئے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مؤثر CNIC/SNIC کی نقول (اگر پہلے مہیا نہیں کی گئیں) بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی کے پاس جمع کروائیں، جس میں ناکامی کی صورت میں بینک ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگا۔

samba bank سامبا بینک